بسم الله الرحمن الرحيم

لا اله الا الله محمد رسول الله — ان الدين عند الله الاسلام



# AHMADIYYA GAZETTE (Canada)


JULY 1978 AD-----RAJAB/ShA BAN 1398 HQ------WAFA 1357HS

Editor: M.A. Bashir (416) 424-4244 (416) 425-2351 Sub. Editor: Zakaria Virke


## Saying of the Holy Prophet s.a.w.

Thus said the Holy Prophet:
" There shall be no envy but( emulate) two: the person whom Allah has given wealth and the power to spend it in the service of Truth, and the person whom Allah has granted knowledge of things and he judges by it and teaches it( to others )".

Bukhari, 3:15

## The Holy Qur'ān

سورة الكوثر مكية

AL-KAUTHAR

*(Revealed before Hijra)*

1. In the name of Allah, the Gracious, the Merciful. — بسم الله الرحمن الرحيم
2. Surely We have given thee abundance *of good;* — ...أعطينك الكوثر
3. So pray to thy Lord, and offer sacrifice. — ...ل لربك وانحر
4. Surely, it is thy enemy who is without issue. — ...شانئك هو الابتر

# OUR BELIEFS

By

**Hazrat Mirza Ghulam Ahmad,**
*The Promised Messiah*

## THE HOLY QURAN

Beauty and charm of the Quran,
Light of every Muslim heart;
Yonder moon belongs to others,
Our moon is the Quran

———

Equal it does not have,
We've thought on it and thought;
And why should'nt it be so unique?
'tis the holy speech of the Gracious God.

———

Spring eternal,
Its every word, its every phrase;
It's a joy you'll not find,
In any garden large or small

To match power with want,
Tis difference great indeed.

———

In Whose presence angels—
Own their ignorance;
To match His speech!
Oh, how impossible for man!

Nothing will ever match
This Holy Speech of God;
It's a pearl from Umman,
A ruby from Badakhshan.

———

Human speech! how can it,
[illegible]

Man—can make not,
Even the foot of a worm;
No wonder, it's not easy for him,
to make the Light of Truth.

———

The Oneness of the True God,
Had all but dried;
When suddenly from the Blue,
Appeared this spring clear.

———

God! oh Thy Furqan!
Is it a book or a whole world?
For, nothing that we needed,
Which is not to be found in it!

In the name of Allah, the most Gracious, Ever Merciful.

Editorial:

Ramazan - the month of spiritual training

W H E N we need practice, skill, proficiency, expertising and training to complete the ordinary things, what about achieving the purpose of our lives and necessary qualities to achieve that end.??

The spiritual purpose of our lives, the Divine reli realisation to remove all griefs and find all solace in the love of the Supreme Creator needs many qualities and also a very hard training to develop these qualities on our part ?

The month of Ramazan provides us a chance to develop these qualities and achieve the purppse of our lives. It is a spiritual training period to develop the most precious value to prive the price the Divine love alone every thing and seek a chance to do and sacrifice any thing to gain that end.

I s l a m i c fast is a collection of all the worship and helps one to imbibe all the virtues. It prepares ourselves to realize the difficulties of poor, give them a practical help, to bear hardships, develop a real sympathy for them and thus a create a atmoshpere of love which alone can solve our problems and win spiritual bliss for our souls.

All these things have been mentioned in the Quranic commandments about the fast as mentioned in the second chapter of Holy Quran Al-Baqara verse 184 to 189.

## HEALTH OF HAZUR:

The Supreme Head of the Ahmadiyya Movement in Islam, Hazrat Mirza Nasir Ahmad, is enjoying sound health these days in London England. May Allah grant our Hazur a long and successful life.

## Stood first in the Exam:

Miss Amtul Mujeeb, daughter of Mr. Ikramullah of Multan stood first in her Punjab University Examination of M. Sc. this year by achieving 924/1000 marks. Never a student has recorded this figure in a M. Sc., exam in the history of Punjab University. We are pround of Miss Amtul Mujeeb and extend our warmest congratulations to her and to the parents.

## Islam preached on T V.

A one hour live-program of presenting Islam to the T.V. viewers was conducted by Dr. Louis Hamman, Professor of Religion at the Gettysburn College, Gettysburn, Pa.

The panel members were Imam Ata-u-Allah Kalim, Yahya Sahrif Abdullah and Rasul A. Muhaimin. The program consisted of Azan(call to the Muslim prayer) congregational prayer, and recitation of Chapter Fatiha. Imam Kalim described the beliefs of Islam briefly.

## Holy Quran presea ted to U.S. Congressman:

Sister Mubarika Malik of Milwaukee, who presested the Quran to former U.S. President, Mr. Gerald Ford, has now presented the Quran and some other Islamic books to U.S. Congressman Robert W. Kasten Jr., 9th Congressional District, Milwaukee.

The presentation was filmed on T.V. Channel 4, Milwaukee.

## World's largest Quran:

An Iranian calligrapher has been working for the past six years on what will become the largest and heaviest Quran of the world. Mahmud Talayi and his 6 children still have 10 years arduous work ahead. So far 200 of the 600 pages have been copied. Each ;linen page meassures just over 4 x 6 5 feet and the final volume will weigh 7,260 lbs, with an estimated value of $ 1,50,000.

(Chaudhry Idris, vide Al-Zikr, Box 267, Dover, Pa 17315)

## Some participants of Canada Convention:

Pakistan: Mirza Tahir Ahmad Sahib, Khalifa Abdur-Rehman - Quetta, Abdul Malik, Lahore - Mukhtar Ahmad, Sialkot, Mirza Abdul-Rahim Baig , Karachi, Hafiz Bashir-u-din Obaidullah.

London : Sir Muhammad Zafrulla Khan Sahib, Sultan Ahmad Cheema

Calgary: Syed Hamid Shah, Athar Malik

Edmonton: Munir-u-din Obaidullah

Dr. Momin Khalifa, Dr. Shahab Ahmad.

Deep River: Dr. Syed Yousuf Ahmad (Nuclear Scientist)

Sudbury: Dr. Khalid Ahmad, Dr. Shahid Ahmad

United States: All the missionaries based in U.S. Imam A.U. Kaleem, Imam Abdru-Rashid Yahya, Imam Masud Jehlumi, Imam Mian Ibrahim Dr. Khalil Nasir, Mahmud Qureshi( New York) Alhaj Muzaffar Ahmad, Habibullah ( Dayton ) Dr. Safiuallah Sadiq, Mujeebuallah Sadiq, Dr. Khalil-ur-Rehman ( Philadelphia ) Dr. Salahuddin Shams, Falahuddin Shams, Mutahir Ahmad, Basharatur-Rehman ( Chicago ) Idris Chaudhry (South Dakota ) Mahmud Ahmad ( Milwaukee)

Ontario Jamaats: London, St.Catherine, Cambridge, Brantford, Bramalea Kinkardine, Deep River, & of cource Toronto .

Quebec : Montreal and some brothers from near cities.

## Ahmadiyya Maple Leaf News:

**Happy births:** Following of our brothers have been blessed with babies.

Muhammad Afzal Khan - son

Masood Malik - son

We extend contratulations to the parents and pray for the long life of babies.

******************************************************************

**Ramazan:** The month of Ramazan will commence from 4th or 5th of August 78, subject to the appearance of the moon. Accordingly the Eid will be hopefully celebrated on 3rd/4th September 78. Tarawih and Dars will be conducted at the Mission House.

**Obituaries:**

1) Hazrat Mirza Barkat Ali Sahib, Companion of Hazrat Ahmad grandfather of Mirza Mubashir Ahmad of Toronto, passed away in Rabwah on 22.5. 1978 at the age of 91 years. He was born in 1887, accepted the Bait in 1900 settled in Qadian in 1912 and from then on devoted his entire life for the cause of Ahmadiyyat. May his soul rest in peace.

2) Aagha Hamidur-Allah Khan Sahib( Younger brother of the late Arjamand Khan Sahib) dear father of Aagha Najam Sahib of St.Catherine passed away in Rabwah on 27.4. 1978 on account of heart attack. He was 82 years old. May his soul rest in peace.

**Thank you brothers and sisters:**

We wish to register our sincere thanks to all those members of Toronto chapter, members of Lajna Imauallah, members of Khuddam ul-Ahmadiyya Toronto, whose generous help made our Convention a milestone in the history of Ahmadiyya Movement in North America. Thanks to all those who very kindly offered their house for accomodation and those who very brotherly came from very very far off places to attend this spiritual gathering.

Delicious food was provided to 500 members in a very effective manner. This was but for many a sleepless nights of numerous people. Allah bless all of your.

******************************************************************

Solicitations for prayers:

Brother Sharif Ahmad Dogar, Dervish Qadian, provided us the translation of Mir Muhammad Ishaq Sahib for our exhibition. We learn that our brother is suffering from asthama these days in Qadian. All the

## FOR THE CANADA CON ENTION.

Friends and Members of the Movement in Canada:

Peace be on you and the Mercy of Allah and His blessings;

t is the grace of Allah, the Exalted , that he has enabled you to hold your second Annual Convention. I pray that it may prove to be even more successful than your first Convention and that in the future you may be enabled to oraganise even better gatherings.

My message to you is; REALISE YOUR STATION. The truth is that we do not possess any inherent excellence. But Allah the exalted has, by His sheer grace, enabled us to recognise that great spiritual Son of Muhammad peace and blessings of Allah be upon him, who was a dear one of God and was the loved one of Muhammad, on whom be peace and blessings of Allah, and by virtue of this relationship we have been bestowed a high and exalted station.

The saintly ones among the Muslims people have been unanimous that the Mahdi, peace be on him, would be in his beauty and benevolence a perfect reflection of the Holy Prophet, peace and blessings of Allah be upon him. The Mahdi, peace be on him, through his p--- perfect conformity to the example of Muhammad, the Messenger of Allah, peace and blessings a of all Allah be upon him, through losing himself in his love of the Holy Prophet, peace and blessings of Allah be upon him, achieved a special station in the estimation of God, and through our relationship with him our responsibilities and our ... discharge of those responisiblilities with complete sinceretty and devotion, bestow a high station upon us also.

Thus when I say that you should realise your station , my purpose is that you should realise your responsibilities. These are great responsibilities and they are related not only to ourselves but are related to all the future generations of mankind, till the end of time.

The Promised Messiah, peace be on him, has observed:

" The seventh millennium is the age of God and His Messiah and of every good and blessing, and faith and virtue and of Divine worship and of every type of good and guidance. We are now at the beginning of that millennium and hereafter there is is no room for any other Messiah"

(Lecture Lahore: Spiritual Treasuries : p 186)

Again he has observed:

"The seventh Millennium is the age of guidance in which we find ourselves. As this is the last millennium it was necessary that the Leader of the age should appear at its beginning. After him there is neither any leader nor any Messiah, except one who sould should be a reflection of his, inasmuch as this present world would come to an end with this millennium. All the Prophets bear witness to this. This Imam, who has been named the Promised Messiah by God the Exalted, is the Reformer of the Century that is just opening out and also the Reformer of the last millennium".

(Lecture Sialkot: Spiritual Treasuries: p.208)

These extracts show that the seventh millennium is the millennium of God and His Messiah, for the res reason that in this millennium mankind will be ... honoured with heavenly ... guidance and by submitting to the Law of Islam will march along the path of every type of virtue. They will ... achieve the true recognition of the Divine and will establish themselves on the pure unity of God. The light of true faith, virtue and righteousness will illumine the path

Therefore our responsibility and our station is that we should in ordering our lives , adopt the ways a which bear the imprints of the Mahdi of Muhammad, peace be upon h them, and should march forward safeguarding ourselves against the errors and sins which ensue from every type of excess. For the purpose of establishing the truth of Islam for the whole world, we must set an example which should be a source of pride for our beloved Prophet Muhammad, peace and blessings of Allah, be upon j him. and should exercise a u pull over mankind.

That example should be so attractive that its observation should should draw the wr world to the light of Islam, so that generation after generation till the end of time, their minds and their surroundings, should continueto to be lit up by its light.

That is the responsibility which is laidupon upon you by the proun pronouncement of the Promished Messiah, peace by on him, that the seventh millennium iz f is the age of God and His Messiah and of every good and blessing, and faith and virtue and righteousness, and of the upholding of Divine Unity and of Divine worship and of every type of good and guidance.

I pray that God, the Exalted, may be pleased to enable you' to realize your responsibilities and your station, and that you may beceme the hea heirs of His mercke mercies and that the good news of the supremacy of Islam al over all other faiths, may be fulfilled at an early age. Amen.

****************************************************************************

Mirza Nasir Ahmad
Khalifatul Masih III.

********************************************

********************************************

## HOLY QURAN PRESENTED TO
## Honourable Norman Cafik
## Minister of Multi-culturism

Mr. Frank Felkai, the Liberal candidate for Don Valley West called a meeting in his constituency on Tuesday July 18/78 at Junior Valley High School, Overlea Blvd, Toronto. Imam Bashir thought it an appropriate occasion to introduce Ahmadiyya Mosvement to the Minister. When the meeting started at 9 p.m. there were Br. Saleem Siddiqui, Br. Zakaria Virke and Zeeshan besides Imam Bashir in the audience. The question-answer period lasted well over 1½ hour. At the d end of the meeting Imam Bashir gred greeted the Honourable Minister and presented him a copy of the Holy Quran. The Minister was delighted to receive the Book and said : " thank you; I appreciate it. "

**********************************

## MISSION HOUSE NEW ADDRESS......................

**************************************************************************
as of August 1/78

Address: 15 - THORNCLIFFE PARK DRIVE, Apt # 311
Toronto, Ontario, Canada M 4 H 1 H 6

********************************

Commencement of Ramazan
4th or 5th of August.

## Commandment of Almighty Allah:

O ye who believe, fasting is prescribed for you during a fixed number of days, as it was prescribed for those before you, so that you may safeguard yourselves against moral and spiritual ills. But whoso from among you should be ailing, not being permanently incapacitated or should be on a journey, shall complete the reckoning by fasting on a corresponding number of other days and for those who find fas ting a strain hard to bear is an expiation, the feeding of a poor person, if they can afford it.

( Al-Baqarah 2:184,185 Trans. Sir Zafrulla Khan)

Intention to keep a fast: Prayer

" I intend to fast tomorrow in the month of Ramazan "

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

Prayer before braking the fast:

" O Allah I keep fast for your sake and believed in you and put in you my trust and break my fast with food provided by you. "

اللّٰهُمَّ إِنِّي لَكَ صُمْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلَى رِزْقِكَ أَفْطَرْتُ

| Date | Sunrise | Sunset | Date | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Calgary: | | | Vancouver: | | |
| Aug. 4 | 6.04 | 9.20 | Aug. 4 | 5.47 | 8.49 |
| Aug. 5 | 6.07 | 9.17 | 5 | 5.50 | 8.46 |
| Aug. 7 | 6.08 | 9.13 | 7 | 5.52 | 8.43 |
| Aug. 9 | 6.13 | 9.10 | 9 | 5.55 | 8.39 |
| Aug. 11 | 6.15 | 9.06 | 11 | 5.58 | 8.36 |
| Aug. 13 | 6.19 | 9.02 | 13 | 6.00 | 8.33 |
| Aug. 15 | 6.22 | 8.58 | 15 | 6.03 | 8.29 |
| Aug. 17 | 6.25 | 8.54 | 17 | 6.06 | 8.25 |
| Aug. 19 | 6.28 | 8.50 | 19 | 6.09 | 8.21 |
| Aug. 21 | 6.31 | 8.46 | 21 | 6.12 | 8.17 |
| Aug. 23 | 6.34 | 8.42 | 23 | 6.15 | 8.13 |
| Aug. 25 | 6.37 | 8.38 | 25 | 6.18 | 8.10 |
| Aug. 27 | 6.40 | 8.33 | 27 | 6.20 | 8.06 |
| Aug. 29 | 6.44 | 8.29 | 29 | 6.23 | 8.02 |
| Aug. 31 | 6.47 | 8.25 | 31 | 6.26 | 7.58 |
| Sep. 02 | 6.50 | 8.20 | Sep. 02 | 6.29 | 7.53 |
| Sep. 04 | 6.53 | 8.16 | 04 | 6.32 | 7.49 |

| Ottawa continued: | | |
|---|---|---|
| Sep. 02 | 6.26 | 7.39 |
| Sep. 04 | 6.28 | 7.35 |

The timings for the month of Ramazan have been meticulously calculated from " the Observer's Handbook 1977 " which is published by the

TORONTO:

| Date: | Sunrise: | Sunset |
|---|---|---|
| Aug. 4 | 6.08 | 8.40 |
| Aug. 5 | 6.10 | 8.37 |
| Aug. 7 | 6.12 | 8.35 |
| Aug. 9 | 6.14 | 8.32 |
| Aug. 11 | 6.17 | 8.29 |
| Aug. 13 | 6.19 | 8.26 |
| Aug. 15 | 6.21 | 8.23 |
| Aug. 17 | 6.24 | 8.20 |
| Aug. 19 | 6.26 | 8.17 |
| Aug. 21 | 6.28 | 8.14 |
| Aug. 23 | 6.31 | 8.10 |
| Aug. 25 | 6.33 | 8.07 |
| Aug. 27 | 6.35 | 8.04 |
| Aug. 29 | 6.38 | 8.00 |
| Aug. 31 | 6.40 | 7.56 |
| Sep. 02 | 6.42 | 7.53 |
| Sep. 04 | 6.44 | 7.49 |

Edmonton:

| Date: | Sunrise | Sunset |
|---|---|---|
| Aug. 4 | 6.50 | 9.29 |
| Aug. 5 | 6.54 | 9.25 |
| Aug. 7 | 6.57 | 9.21 |
| Aug. 9 | 7.01 | 9.17 |
| Aug. 11 | 7.04 | 9.13 |
| Aug. 13 | 7.08 | 9.09 |
| Aug. 15 | 7.11 | 9.04 |
| Aug. 17 | 7.15 | 9.00 |
| Aug. 19 | 7.18 | 8.56 |
| Aug. 21 | 7.22 | 8.51 |
| Aug. 23 | 7.25 | 8.47 |
| Aug. 25 | 7.29 | 8.42 |
| Aug. 27 | 7.32 | 8.37 |
| Aug. 29 | 7.36 | 8.32 |
| Aug. 31 | 7.39 | 8.28 |
| Sep. 02 | 7.43 | 8.23 |
| Sep. 04 | 7.46 | 8.18 |

Montreal:

| | | |
|---|---|---|
| Aug. 4 | 5.38 | 8.21 |
| Aug. 5 | 5.41 | 8.19 |
| Aug. 7 | 5.43 | 8.16 |
| Aug. 9 | 5.46 | 8.13 |
| Aug. 11 | 5.48 | 8.10 |
| Aug. 13 | 5.51 | 8.07 |
| Aug. 15 | 5.53 | 8.03 |
| Aug. 17 | 5.56 | 8.00 |
| Aug. 19 | 5.58 | 7.57 |
| Aug. 21 | 6.01 | 7.53 |
| Aug. 23 | 6.03 | 7.50 |
| Aug. 25 | 6.05 | 7.46 |
| Aug. 27 | 6.08 | 7.43 |
| Aug. 29 | 6.10 | 7.39 |
| Aug. 31 | 6.13 | 7.35 |
| Sep. 02 | 6.16 | 7.31 |
| Sep. 04 | 6.18 | 7.27 |

Winnipeg:

| | | |
|---|---|---|
| Aug. 4 | 6.01 | 909 |
| Aug. 5 | 6.04 | 9.06 |
| Aug. 7 | 6.07 | 9.02 |
| Aug. 9 | 6.10 | 8.59 |
| Aug. 11 | 6.12 | 8.55 |
| Aug. 13 | 6.15 | 8.52 |
| Aug. 15 | 6.18 | 8.48 |
| Aug. 17 | 6.21 | 8.44 |
| Aug. 19 | 6.24 | 8.40 |
| Aug. 21 | 6.27 | 8.36 |
| Aug. 23 | 6.30 | 8.32 |
| Aug. 25 | 6.33 | 8.28 |
| Aug. 27 | 6.36 | 8.24 |
| Aug. 29 | 6.39 | 8.20 |
| Aug. 31 | 6.42 | 8.16 |
| Sep. 02 | 6.45 | 8.11 |
| Sep. 04 | 6.48 | 8.07 |

Ottawa:

| | | |
|---|---|---|
| Aug. 4 | 5.50 | 8.28 |
| Aug. 5 | 5.53 | 8.25 |
| Aug. 7 | 5.55 | 8.22 |
| Aug. 9 | 5.57 | 8.20 |
| Aug. 11 | 5.59 | 8.17 |
| Aug. 13 | 6.02 | 8.14 |
| Aug. 15 | 6.04 | 8.10 |
| Aug. 17 | 6.07 | 8.07 |
| Aug. 19 | 6.09 | 8.04 |
| Aug. 21 | 6.11 | 8.01 |
| Aug. 23 | 6.14 | 7.57 |
| Aug. 25 | 6.16 | 7.54 |
| Aug. 27 | 6.18 | 7.51 |
| Aug. 29 | 6.21 | 7.47 |

The elections for the different jamaat officers were held throughout Canada in the last two months. The Centre has sent the approval of following names.

| | | |
|---|---|---|
| <u>Calgary jamaat:</u> | | |
| | President : | Colonel Basit Ahmad |
| | Gen Secretary: | Ch. Ilyas Ahmad |
| | Secretary [illegible] Finance: | Abdul Bari Ahmadi |
| | Secretary Training: | Malik Fazal Hussain |
| | Sec. Social Affairs: | Hassan Omar |
| Edmonton jamaat: | Sec. Preaching: | Syed Hamid Shah |
| | President : | Munirudin Obaiduallah |
| | Gen. Secretary: | Ch. M. Akram Shahid |
| | Preaching & Training: | Ch. Naseer Ahmad |
| | Social Affairs: | Ch. Maqbool Ahmad |
| Saskatoon jamaat: | Sec. Finance | Ch. Muhammad Yunus |
| | President: | Irshad Mirza |
| | Gen. Secretary: | Ch. Ehsan Ilahi |
| Winnipgg jamaat: | | |
| | President: | Dr. Ijaz A. Qamar |
| | Finance Secretary: | Khalid Mahmood |
| | Gen. Secretary: | Ahmad Hussain' |
| Sudbury jamaat: | | |
| | President: | Dr. Shahid Ahmad |
| | Gen. Secretary: | Syed Naderal Hosnei |
| London jamaat: | | |
| | President: | Moeen Mahmud Janjua |
| | Gen. Secretary: | Rashid Ahmad |
| Brantford jamaat: | | |
| | President: | M. Sajid Qureshi |
| | Gen. Secretary: | Habib-ur-Rehman |
| | Sec. Finance: | Dr. M. Abduallah |
| | Sec. Preaching: | Ch. Mehtab-u-din |
| | Sec Social Affairs: | Shaikh Manzoorul Hassan |
| Bramalea jamaat: | | |
| | President: | Mirza Mushtaq Ahmad |
| | Gen. Secretary: | Jameel Saeed |
| | Finance Secretary: | Shahid Saeed |
| | Sec. Preaching: | Shakeel Saeed |
| | Sec. Training: | Shahid Rajput |
| Toronto jamaat: | | |
| | President: | Mubarak A. Khan |
| | Gen. Secretary: | M. Danyal Khan |
| | Sec. Training: | M. Issajan Khan |
| | Sec. Finance: | Mazhar Ali Zuberi |
| | Sec. Preaching: | Munir Ahmad |
| | Sec. Social Affairs: | Syed Sharif Ahmad |
| | Sec. Amoor-i-Aama | Syed Tahir Bukhari |
| | Sec. Tehrike-e-jadid, & Wasiyyat | Munawar Ahmad Butt |
| Ottawa jamaat: | | |
| | President: | Chaudhary A. Latif |
| | Gen. Secretary | Hamiul-Islam |
| | Finance Sec. | M. Ashraf Sial |
| | Sec. Preaching: | Soofi Aziz Ahmad |
| | Sec. Social Affairs: | Ch. Habib Ahmad |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم    لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ    نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

# ماہنامہ احمدیہ گزٹ

ٹورانٹو / کینیڈا

جولائی ۷۸ء - رجب/شعبان ۱۳۹۸ ہجری قمری - وفا ۱۳۵۷ ہجری شمسی

## سخاوت کرنے والا جنّت کے قریب کر دیا جاتا ہے

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:-

لیس علیك هدٰهم ولکن الله یهدی من یّشاء وما تنفقوا من خیر فلانفسکم وما تنفقون الا ابتغاء وجه الله وما تنفقوا من خیر یوف الیکم وانتم لا تظلمون۔

(البقرہ: ۲۷۳)

ترجمہ:- انھیں راہ پر لانا تیرے ذمہ نہیں ہے ہاں اللہ جسے چاہتا ہے راہ پر لے آتا ہے اور جو اچھا مال بھی تم (خدا کی راہ میں) خرچ کرو حقیقت یہ ہے کہ تم ایسا خرچ صرف اللہ کی توجہ چاہنے کے لئے کیا کرتے ہو سو اس کا نفع بھی تمہاری اپنی جانوں ہی کو ہوگا اور جو اچھا مال بھی تم خرچ کرو وہ تمہیں پورا پورا (واپس کر) دیا جائے گا اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

### حدیث النّبی صلّی اللہ علیہ وسلّم:-

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّخِیُّ قَرِیْبٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰی قَرِیْبٌ مِّنَ النَّاسِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْجَنَّةِ بَعِیْدٌ مِّنَ النَّارِ وَالْبَخِیْلُ بَعِیْدٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰی بَعِیْدٌ مِّنَ النَّاسِ بَعِیْدٌ مِّنَ الْجَنَّةِ قَرِیْبٌ مِّنَ النَّارِ وَلَجَاهِلٌ السَّخِیُّ اَحَبُّ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی مِنَ الْعَابِدِ الْبَخِیْلِ۔

ترجمہ:- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سخی اللہ کے قریب ہوتا ہے لوگوں سے قریب ہوتا ہے اور جنّت سے قریب ہوتا ہے اور دوزخ سے دُور ہوتا ہے۔ اس کے برعکس بخیل اللہ تعالیٰ سے دُور ہوتا ہے لوگوں سے دُور ہوتا ہے جنّت سے دُور ہوتا ہے لیکن دوزخ کے قریب ہوتا ہے۔ اَن پڑھ سخی بخیل عابد سے اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہے۔

## "فتح و نصرت خادمِ ما چوں غلام"

(درّثمین فارسی)

(ترجمہ:- فتح و نصرت غلاموں کی طرح ہمارے خادم ہیں)

آجکل اِک نائبِ خیرالانامؐ — کر رہا ہے غرب میں حق کا قیام

آج گردش میں ہے جامِ دلنواز — تشنگانِ حق کی خاطر صبح و شام

غلبۂ اسلام دل کی آرزو — جانبِ منزل رواں دیں کا امام

ہے کوئی دیں مثلِ دینِ مصطفیٰؐ؟ — بہرِ انساں ہے یہی کامل نظام

فتح کا نقارہ لندن کانفرنس — ہو گئی حجت نصاریٰ پر تمام

بچ گئے عیسیٰؑ صلیبی موت سے — مل گیا کشمیر میں اُن کا مقام

جس کے ہاتھوں ہو گئی کسرِ صلیب — اُس جری اللہ پہ لاکھوں سلام

شاہِ دوعالمؐ کا فرزندِ جلیل — کیوں نہ کر لیتا زمانے بھر کو رام

خوب ہے شبّیر یہ اس کا کلام

"فتح و نصرت خادمِ ما چوں غلام"

[illegible]

# خلیفۂ وقت کا پیغام احباب جماعت کینیڈا کے نام

انا فتحنا لک فتحا مبینا

خلیفۃ المسیح

امام جماعت احمدیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم + نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھو الناصر

احباب جماعت کینیڈا۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

اللہ تعالیٰ کا آپ پر فضل ہے کہ آپ کو اپنی دوسری سالانہ کنونشن کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ خدا کرے کہ یہ پہلی کنونشن سے زیادہ کامیاب ہو اور آئندہ بھی آپ کو اس سے بہتر اجتماعات کی توفیق ملتی رہے۔

آپ کے نام میرا پیغام یہ ہے کہ "اپنے مقام کو پہچانو"

سچی بات تو یہ ہے کہ نہ ہمارے نفس میں اپنی کوئی خوبی ہے اور نہ اپنی کسی خوبی کے نتیجہ میں ہمارا کوئی مقام ہے مگر اللہ تعالیٰ نے ہم پر بڑا فضل کیا کہ ہمیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عظیم روحانی فرزند کی شناخت کی توفیق ملی جو خدا کا پیارا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب تھا۔ اور اس نسبت کے ساتھ ہمیں ایک بلند اور ارفع مقام بھی ملا۔ اولیائے امت کا متفقہ فیصلہ ہے (کسی نے اس سے اختلاف نہیں کیا) کہ مہدی علیہ السلام اپنے حسن و احسان میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عکس کامل تھے۔ مہدی علیہ السلام نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ کی کامل پیروی کر کے اور آپ کی محبت میں فنا ہو کر خدا کی نگاہ میں ایک مقام حاصل کیا اور اس نسبت سے ہماری ذمہ داریاں اور اخلاص و ایثار کے ساتھ ان ذمہ داریوں کی ادائیگی ہمیں بھی ایک بلند مقام عطا کرتی ہے۔

پس جب ہم یہ کہتے ہیں کہ اپنے مقام کو پہچانو تو
ہم بنیادی طور پر اس طرف توجہ دلا رہے ہوتے ہیں کہ اپنی ذمہ داریوں کو
پہچانو اور یہ ذمہ داریاں عظیم ہیں اور ان کا تعلق صرف ہمارے نفوس
سے ہی نہیں بلکہ نوعِ انسانی کی قیامت تک آنے والی نسلوں کے ساتھ بھی
ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔:-

"اور پھر ساتواں ہزار خدا اور اس کے مسیح کا اور ہر ایک
خیر و برکت اور ایمان اور صلاح اور تقویٰ اور توحید
اور خدا پرستی اور ہر ایک قسم کی نیکی اور ہدایت کا
زمانہ ہے۔ اب ہم ساتویں ہزار کے سر پر ہیں۔ اس کے بعد
کسی دوسرے مسیح کو قدم رکھنے کی جگہ نہیں" (لیکچر لاہور روحانی خزائن ص 186)

پھر آپ فرماتے ہیں "اور ساتواں ہزار ہدایت کا ہے جس میں ہم موجود ہیں
چونکہ یہ آخری ہزار ہے اس لئے ضرور تھا کہ امام آخر الزمان
اس کے سر پر پیدا ہو اور اس کے بعد کوئی امام نہیں اور نہ کوئی
مسیح مگر وہ جو اس کے لئے بطور ظل کے ہو کیونکہ اس ہزار
میں اب دنیا کی عمر کا خاتمہ ہے جس پر تمام نبیوں نے
شہادت دی ہے اور یہ امام جو خدا تعالیٰ کی طرف سے
مسیح موعود کہلاتا ہے وہ مجدد صدی بھی ہے اور
مجدد الف آخر بھی۔" (لیکچر سیالکوٹ ص 208 روحانی خزائن)

ان حوالہ جات سے ظاہر ہے کہ یہ ساتواں ہزار خدا اور اس کے مسیح کا
اس لئے ہے کہ اس ہزار سال میں نوعِ انسانی ہدایت آسمانی
سے فیض یافتہ ہوئی اور شریعت اسلامیہ کی اطاعت کا جوا اپنا

گردنوں پر اٹھا کر ہر ایک قسم کی نیکی کی راہ کو اختیار کرنے والی بنے گی۔ خدا
کی معرفت انہیں حاصل ہوگی اور توحید خالص پر وہ قائم ہوں گے۔ حقیقی ایمان اور
صلاح اور تقویٰ کا نور ان کی زندگی کی راہوں کو روشن کرنے والا ہوگا اور
اس طرح نوعِ انسانی کے لئے ہر ایک خیر و برکت کے دروازے کھولے جائیں گے

پس ہماری ذمہ واری اور ہمارا مقام یہ ہے کہ ہم اپنی زندگی
میں اُن راہوں کو اختیار کریں جن پر محمدؐ کے مہدی کے نقش پا ہمیں نظر آئیں
اور افراط اور تفریط کی غلطیوں اور گناہوں سے بچتے ہوئے آگے بڑھنے کی کوشش
کریں اور دنیا پر اسلام کی صداقت ثابت کرنے کی خاطر ایک ایسا نمونہ
بنیں جو ہمارے محبوب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے باعثِ فخر ہو اور نوعِ انسانی
کے لئے باعثِ جذب۔ اتنا حسین نمونہ کہ جسے دیکھ کر دنیا اسلام
کے نور کی طرف کھنچی چلی آئے اور پھر نسلاً بعد نسلٍ قیامت تک
اپنے صحنِ سینہ کو اور اپنے ماحول کو اس نور سے منور کرتے چلے جائیں۔
یہ ہے وہ ذمہ واری جو آپ پر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ
فقرہ عائد کرتا ہے کہ "کہ ساتواں ہزار خدا اور اس کے مسیح کا اور ہر ایک
خیر و برکت اور ایمان اور صلاح اور تقویٰ اور توحید اور خدا پرستی اور
ہر ایک قسم کی نیکی اور ہدایت کا زمانہ ہے"

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپکو اپنی ذمہ واریوں اور مقام سمجھنے کی توفیق عطا کرے
اور اس کی رحمتوں کے آپ وارث بنیں "لیظہرہ علی الدین کلہ" کی بشارت جلد تر پوری ہو۔ آمین

خدا تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو

خلیفۃ المسیح الثالث

۸

# طعنہ دیں گے بت کہ مسلم کا خدا کوئی نہیں — [illegible]

لب مسلماں پہ آج بھی حرفِ دعا کوئی نہیں
لا اللہ کہتے تو ہیں خوفِ خدا کوئی نہیں
چارہ گر نے کیا ہے کیا درد کا اپنے علاج
دردِ دل تو ہے ابھی لیکن دوا کوئی نہیں
وہ تو دیتا ہے بُلا کر اپنے بندوں کو مگر
لینے والا اُن کے کوچے میں گدا کوئی نہیں
ہے کوئی لے جائے ہم کو پار اس طوفان سے
ڈھونڈتے ہیں ہر سمت پر ناخدا کوئی نہیں
یا الٰہی بخش دے اب تو خطاکاروں کو تو
بخشنے والا یہاں تیرے سوا کوئی نہیں
شرم سے اس دربارِ عالی میں ہوا حاضر ظہور
ماسوا بخشش کے اپنا مدعا کوئی نہیں
دردمندوں کی اگر کی تو نے دلجوئی نہیں
طعنہ دیں گے بُت کہ مسلم کا خدا کوئی نہیں

ملک عبداللطیف ظہور
سمن آباد - لاہور

نعرہ خامشی بلند کیا
بے زبانی کو دردمند کیا
سرنگوں ہو کے سرفراز ہوئے
صبر نے ہم کو سربلند کیا
اسکی رحمت سے باریاب ہوئے
سرکشی دست کو کمند کیا
جب کبھی ہوئی جستجوئے انوار
دریچوں کو اسکے کس نے بند کیا
جان دی دی ہوئی اسی کی تھی
دل نے کیا ہم کو دردمند کیا
راستے کوئے یار کے تھے بہت
صعب سے مشکل جو تھا پسند کیا
خواب غفلت میں عمر بھر سوئے
موت نے آکے ہوشمند کیا
جب بھی دیکھا کسی بشر کو ذلیل
پرچم دوستی بلند کیا

(بشیر احمد خان - ربوہ)

کلام امام الزمان — چاہئے کہ ہر ایک صبح تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے تقویٰ سے رات بسر کی اور ہر ایک شام تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے ڈرتے ڈرتے دن بسر کیا (کشتی نوح)

Q. 12 According to the revelation which is the first and the last sura of the Holy Quran.

A. The first one is-
And the last one.

Q.13 According to the present setting what is the first Commandment in the Holy Quran ?

A. "O" people worship your lord who created you and the others before you in this world , so that you may be rescued .(Quran Ch.2 V.22

---

## CHILDERN
## EXAMATION HELD ON MAY.7 1978.

| Metro Tronto | Grade |
|---|---|
| 1. Deeba Ahmed | A |
| 2. Anila Ahmed | A |
| 3. Samia Ahmed | A |
| 4. Shahzad | D |
| 5. Javed Khan | A |
| 6. Mansoora Qureshi | A |
| 7. Kafi Khalifa | A |
| 8. Amir Awan | A |
| 9. Iqbal | D |
| 10. Naeem Khalifa | A |
| 11 . Faiz | B |
| 12. Jamal Ahmed Feroze | B |
| 13. Adanan Ahmed | A |
| 14. Akifa Sabira | C |
| 15. Naeem M Sadiq | A |
| 16. Basit Khalifa | A |
| 17. Nasir | D |
| 18. Fahim | A |
| 19. Safia Ahmed | A |
| 20. Muzaffar Qurashi | A |
| 21. Sohail | D |
| 22. Farah | C |
| 23. Anwar Hussain | A |
| 24. Kaleem | D |
| 25. Anwar | D |
| 26 Sara Hussain | B |
| 27. Hayee Khalifa | A |
| 28. Nasarullah | D |
| 29. ShaziBukhari | C |
| 30. Safoora Ahmed | A |
| 31. Nazir Ahmed | A |
| 32. Fakhar Ahmed | D |
| 33. Nasir Saeed | A |
| 34. Nabira Ahmed | A |
| 35. Maqbool Sheikh | A |
| 36. Mahmood Sheikh | A |
| 37. Amir Ahmed | B |
| 38. Safi Hafizade | A |
| 39. Bushra Sheikh | A |
| 41. Rashida Hafiz Zade | A |
| 42. A Rehan | A |
| **NOVA SCOTIA** | |
| 43. Amtus Sammi | A |
| 44. Shujat Ch | A |
| 45. Amtulshafi | A |
| 46. Mubrak Ahmed | A |
| 47. Mubashar Ahmed | A |
| 48. Bushra Ahmed | A |
| **WINNIPEG** | |
| 49. Amir Ejaz | A |
| 50 Tahir Ejaz | A |
| **MONTREAL** | |
| 51. Md Sulaman Janjua | A |
| 52. Samar Janjua | A |
| **NEW MARKET** | |
| 53. Afia Nasrullah | A |
| 54. Amber Nasrullah | A |
| **KINCARDINE** | |
| 55. Sonia Farida Kh | A |
| 56. Karen Amina Kh | A |
| **EDOMONTON** | |
| 57. Najjia Ahmed | A |
| 58. Nusrat | D |
| 59. Umar Roomi | B |
| 60. Shoab | C |
| 61. Sadia | A |
| 62. Adnan Raja | C |
| 63. Tariq Zobair | C |
| 64. Zahir | C |
| 65. Lilly Faiza Syed | A |
| 66. Nasra | C |
| **SMITHVILLE** | |
| 67. Shahid M | A |
| 68. Imran | A |
| 69. Tahir M | D |
| 70. Ashfa Rehman | A |
| **VANCOUVER BC** | |
| 71. Luqman Sh | A |
| 72. Ansia Sh | A |
| 73. Khlid M Bajwa | A |
| Munawar Ch. | A |
| 75 Fareeda Butt | A |
| 76 Imran Ch. | A |
| 77 Rezwan Ch. H. | A |
| 78 Rezwan Ch. N. | A |
| 78 A.Haye Nasir | A |
| 80 Abdullah nasir | A |
| 81 Asia Nasrulla | A |
| 82. Farida Shain | A |

# IN THE NAME OF ALLAH, THE GRACIOUS, THE MERCIFUL

## ENRICH YOUR RELIGIOUS KNOWLEDGE

## ALLAH, THE ALMIGHTY - ISLAM - THE HOLY QURAN

Q.1 WHAT IS GOD'S PERSONAL NAME ?

A.1 God's personal name is "ALLAH". He is that being - Who is the essence of all virtues and void of all evils.

Q.2 How many attributive names of God have been mentioned in the holy Quran.

A. 104 names have been mentioned for example, Gracious, Compassionate, Merciful, Life giving, etc.

Q.3 Give one proof of GOD'S existance from Holy Quran.

A. Prophets triumph. كَتَبَ اللّٰهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي ( Q. 58:22 )

Its GOD's will that He and His prophets will win in the end.

Q.4. What do you mean by 'ISLAM'.

A. Peacefulness and Obedience.

Q.5. What are the basic pillars of ISLAM.

A. 1. Kalima Tayyiba 2. Prayer 3. Fasting 4. Zakat 5. Pilgrimage

Q.6. Name the articles of faith.

A. To have faith in 1. GOD 2. His books 3. His prophets 4. His Angels 5. Day of judgement. 6. Divine decree about good & evils.

Q.7. How many Suras, Verses, Rukus and words Holy Quran contains?

A. Suras 114 Verses 6666 Rukus 545 Words 77934.

Q.8. Describe how Holy Quran was collected and compiled.

A. According to God's revelation, the Holy prophet Mohammad (s.a.w.) himself brought togather the Holy Quran and saved it by dictating and compiling under the Divine guidance.
Hazrat Abu Bakr during his khilafat guided Hazrat Zaid Bin Sabit a scribe a (writer) scribe of the Quranic revelation to compile and save the Holy Quran in the form of a book.
Hazrat Osman(R) during his khilafat made a few copies of the Holy script and sent one to each Islamic country. That was how the Holy Quran got known throughout the world. Even today the Holy Quran is in the very original form before us.

Q.9 What is God's promise to save the Holy Quran? إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُونَ (The Holy Quran 15:10)

A. Indeed we have revealed this book (Quran) and surely we are going to protect it.

Q.10 Write the first and the last two suras of the Holy Quran

A. First two suras are Fatiha and Baqara and the last two are Falaq and Anas (the last two suras are also called Mauzatain because both of these suras begin with Qul Auzo. In both these suras we are taught the prayer to save ourselves from the evils mischiefs of the last age of the world, the age we are living in.

Q.11 Which is the longest and which the shortest sura from the Holy-Quran.

A. Sura Baqara is the longest and sura Kausar the shortest.

cont -

تیسرا طریق صحبت صالحین اور کاملین ہے کیونکہ ایک چراغ کے ذریعہ سے دوسرا چراغ روشن ہو سکتا ہے
غرض یہ تین طریق ہیں گناہوں سے نجات پانے کے ہیں۔ جن کے اجتماع سے آخر کار فضل شامل حال ہو جاتا ہے

لیکچر سیالکوٹ صفحہ ۳۶

میں تم سب کو توجہ دلاتا ہوں کہ اسلام کی ترقی کیلئے اپنے مالوں کو خرچ کرو

خدا نے وعدہ کیا ہے کہ جو اس کی راہ میں دے گا وہ اسے کئی گنا برکت دے گا۔

"ہم اپنے نفس کے لیے کچھ نہیں چاہتے بار بار خیال کیا ہے۔ کہ اپنے گزارہ کیلئے تو پانچ مسلمان روپیہ ماہوار کافی ہیں۔ اور جائیداد اس سے زیادہ ہے۔ پھر میں جو بار بار تاکید کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرو یہ خدا تعالیٰ کے حکم سے ہے کیونکہ اسلام اس وقت تنزل کی حالت میں ہے۔ بیرونی اور اندرونی کمزوریوں کو دیکھ کر طبیعت بے قرار ہو جاتی ہے۔ اور اسلام دوسرے مذاہب کا شکار بن رہا ہے۔ پہلے تو صرف عیسائیوں ہی کا شکار ہو رہا تھا مگر اب آریوں نے اس پر دانت تیز کیے ہیں۔ اور وہ بھی چاہتے ہیں کہ اسلام کا نام ونشان مٹا دیں جب یہ حالت ہو گئی ہے۔ تو کیا اب اسلام کی ترقی کے لئے ہم قدم نہ اٹھائیں خدا تعالیٰ نے اسی غرض کیلئے تو اس سلسلہ کو قائم کیا ہے۔ پس اس کی ترقی کیلئے سعی کرنا یہ اللہ تعالیٰ کے حکم اور منشاء کی تعمیل ہے۔ اس لیے اس راہ میں جو کچھ بھی خرچ کرو گے وہ سمیع وبصیر ہے۔

یہ وعدے بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں کہ جو شخص خدا تعالیٰ کیلئے دے گا میں اس کو چند گنا برکت دوں گا۔ دنیا ہی میں اسے بہت کچھ ملے گا اور مرنے کے بعد آخرت کی جزا بھی دیکھ لے گا کہ کس قدر آرام میسر آتا ہے۔ غرض اس وقت میں اس امر کی طرف تم سب کو توجہ دلاتا ہوں کہ اسلام کی ترقی کیلئے اپنے مالوں کو خرچ کرو"

ملفوظات جلد ہشتم صفحہ ۳۹۳ تا ۳۹۵

بقیہ صفحہ ۵ درخواست ہائے دعا

(۴) مکرم بشارت احمد صاحب مبشر نے اپنے نکاح کی خوشی میں 250 ڈالر کا وعدہ کیا ہے اللہ تعالیٰ انہیں بھرپور اہلی زندگی سے نوازے۔

(۵) ملک مسعود احمد صاحب نے اپنے دوسرے بچے کی پیدائش پر تعمیر مسجد میں ایک سو ڈالر کا وعدہ کیا ہے۔ دوست دعا فرمائیں کہ باری تعالیٰ ہمارے بھائی ملک مسعود احمد صاحب کو ہر طرح کی خوشیوں سے بھرپور زندگی گزارنے کی توفیق دے۔ آمین

(۶) مشن ہاؤس کا نیا ایڈریس نوٹ فرمالیں صفحہ ۲

# خداتعالیٰ کی معرفت کی یقینی شہادت

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔

" میری ہمدردی کے جوش کا اصل محرک یہ ہے کہ میں نے ایک سونے کی کان نکالی ہے۔ اور مجھے جواہرات کے معدن پر اطلاع ہوئی ہے۔ اور مجھے خوش قسمتی سے ایک چمکتا ہوا اور بے بہا ہیرا اُس کان سے ملا ہے۔ اور اُس کی اس قدر قیمت ہے۔ کہ اگر میں اپنے ان تمام بنی نوع انسان بھائیوں میں وہ قیمت تقسیم کروں۔ تو سب کے سب اس شخص سے زیادہ دولتمند ہو جائیں گے۔ جس کے پاس آج دنیا میں سب سے بڑھ کر سونا چاندی ہے۔ وہ ہیرا کیا ہے؟ سچا خدا اور اُس کو حاصل کرنا یہ ہے کہ اسکو پہچاننا اور سچا ایمان اُس پر لانا۔ اور سچی محبت کے ساتھ اُس سے تعلق پیدا کرنا۔ اور سچی برکات اس سے پانا۔ اس قدر دولت پا کر سخت ظلم ہے کہ بنی نوع کو اس سے محروم رکھوں۔ اور وہ بھوکے مریں اور میں عیش کروں۔ یہ مجھ سے ہرگز نہ ہوگا۔ میرا دل ان کے فقر و فاقہ کو دیکھ کر کباب ہو جاتا ہے۔ ان کی تاریکی اور تنگ گزرانی پر میری جان گھٹی جاتی ہے۔ میں چاہتا ہوں۔ کہ آسمانی مال سے ان کے گھر بھر جائیں۔ اور سچائی اور یقین کے جواہر ان کو اتنے ملیں کہ ان کے دامنِ استعداد پُر ہو جائیں۔"

(اربعین نمبر ۱ ص ۲۳،۲۴)

## درخواست ہائے دعا

(۱) ہمارے مخلص بھائی محترم احمد علی صاحب کچھ عرصہ سے بیمار ہیں تمام دوستوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ ان کی کامل شفایابی کیلئے دعا فرمادیں

(۲) برادرم شاہد احمد راجپوت اپنے والد محترم اور فضل الرحمن عامر نے اپنی والدہ محترمہ کی صحت کیلئے دعا کی درخواست کی ہے

چندہ مسجد (۳) عزیزہ ساجدہ احمد بنت داؤد احمد (عمر ۱۵ سال) نے اپنے جیب خرچ میں سے ایک سو ڈالر تعمیر مسجد کیلئے ادا کئے ہیں اللہ تعالیٰ اس ہونہار بچی کو دین و دنیا میں اعلیٰ ترقیات سے نوازے آمین

# صد سالہ احمدیہ جوبلی

## کے عظیم منصوبہ کا روحانی پروگرام

صد سالہ احمدیہ جوبلی کے عالمگیر روحانی منصوبہ کی کامیابی کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احباب جماعت کے سامنے دعاؤں اور عبادات کا ایک خاص پروگرام رکھا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے:-

(۱) جماعت احمدیہ کے قیام پر ایک صدی مکمل ہونے تک ہر ماہ احباب جماعت ایک نفلی روزہ رکھا کریں۔ جس کے لئے ہر قصبہ، شہر یا محلہ میں ہر ماہ کے آخری ہفتہ میں کوئی ایک دن مقامی طور پر مقرر کر لیا جائے۔

(۲) دو نفل روزانہ ادا کئے جائیں۔ جو نماز عشاء کے بعد سے لیکر نماز فجر سے پہلے تک یا نماز ظہر کے بعد ادا کئے جائیں۔

(۳) کم از کم سات بار روزانہ سورۃ فاتحہ کی دعا غور و تدبر کے ساتھ پڑھی جائے

(۴) درود شریف اور تسبیح و تحمید نیز استغفار کا ورد روزانہ ۳۳-۳۳ بار کیا جائے۔

(۵) مندرجہ ذیل دعائیں روزانہ کم از کم گیارہ بار پڑھی جائیں۔

(۱) رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

(۲) اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

(۳) رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

ان کے علاوہ حضور نے اپنی زبان میں بھی بکثرت دعائیں کرنے کی تلقین فرمائی کہ اللہ تعالیٰ ہماری حقیر قربانیوں کو قبول فرمائے اور صد سالہ احمدیہ جوبلی کے عظیم منصوبہ کو ہر لحاظ سے کامیاب کرے۔ اور ہم شاہراہ غلبۂ اسلام پر آگے ہی آگے بڑھتے چلے جائیں۔

تمام احمدی جماعتیں اور احباب جماعت توجہ اور التزام اور باقاعدگی کے ساتھ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے پیش فرمودہ اس روحانی پروگرام پر عمل کر کے اللہ تعالیٰ کی برکات کو حاصل کرنے کی کوشش فرمائیں۔

یہاں کی جماعتیں ہر مہینے کے آخری ہفتہ (Saturday) کو روزہ رکھا کریں۔

# ہم غیر احمدی کے پیچھے نماز کیوں نہیں پڑھتے؟

اسی عنوان کے ماتحت پرچہ ۲۳، ۱۵ نومبر ۱۹۱۷ء میں خان صاحب منشی فرزند علی صاحب کا ایک مضمون شائع ہوا۔ جس میں یہ ثابت کیا گیا۔ کہ موجودہ حالات میں احمدیوں کی نمازیں غیر احمدی اماموں کے پیچھے ہرگز نہیں ہو سکتیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول رض نے اس مضمون کو بغور پڑھ کر اصلاح فرمائی۔ اور فرمایا کہ

" قرآن مجید میں ایک آیت ہے۔ جو ہر جمعہ صبح کی نماز میں پڑھی جاتی ہے۔ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يُوقِنُونَ۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ امامت انہی لوگوں کا حق ہے۔ جو صبر کریں۔ نیکیوں پر ثابت قدم اور بدیوں سے رکے رہیں۔ اور ہماری آیات پر یقین رکھیں۔ مسیح موعود بھی ایک آیت اللہ تھا۔ اور اسکے ہاتھ پر کئی نشانات خدا تعالیٰ نے ظاہر کئے۔ مگر ان لوگوں نے یقین کرنے کی بجائے ان کی صرف تکذیب ہی نہیں کی بلکہ اکذب الکافرین اور اکفر کہا ہے۔ یا بعض نے کم از کم پرواہ نہ کی۔ پس یہ لوگ ہمارے امام کیونکر بن سکتے ہیں

اسی مضمون میں جن وجوہات پر علیحدگی اختیار کی گئی ہے۔ ان کے پڑھنے سے معلوم ہو سکتا ہے۔ کہ ہم لوگ کیسے امن دوست ہیں۔ اہلحدیث کے مقدمات اب تک مساجد کے متعلق چلے آتے ہیں۔ لیکن ہم نے اس قسم کی سلسلہ جنبانی کر کے امن میں خلل نہیں ڈالنا چاہا۔ اور خود ہی الگ ہو گئے۔ چنانچہ ہمارے امام کا الہام جری اللہ فی حلل الانبیاء نے اعلام الٰہی سے یہ حکم دیا جو اربعین نمبر ۳ حاشیہ صفحہ ۲۸ میں درج ہے۔ اور جس پر پورے استقلال سے قائم رہنا ہر احمدی کو ضروری ہے۔ یہ مسئلہ نہ تو مشروط بہ شرط ہے کہ اسکی تعمیل کسی خاص مدت تک محدود ہو۔ نہ صرف امام کا اجتہادی مسئلہ ہے۔ بلکہ وحی الٰہی سے ہے۔ اور نہ اس کے متعلق مکروہ کا لفظ استعمال فرمایا ہے۔ نہ صرف مکذب و مکفر کے پیچھے بلکہ متردد کے پیچھے بھی منع ہے۔ صرف ایک ہی صورت میں نماز جائز قرار دی ہے۔ وہ یہ کہ بذریعہ اعلان مکفرین و مکذبین سے علیحدگی اختیار کی جاوے۔ کیونکہ انہوں نے ایک برگزیدہ کی تکفیر کی۔ جیسا کہ حضرت علیہ السلام کا ایک شعر ہے سے

مجھ کو کافر کہتے ہیں میں بھی انہیں مومن کہوں
گر نہ ہو پرہیز کرنا جھوٹ سے دیں کا شعار

پھر کیونکر جائز ہے کہ ان کی امامت میں ہم نماز پڑھ لیں۔

بدر ۷ پرچہ ۲۳/۱۵ دسمبر ۱۹۱۷ء صفحہ ۲